الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الإفتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **Abdul Khalil**
Address :> **Attock Pakistan**
Subject :> **NAMAZ**
Writer : آصف ابراہیم

Serial No :> **9644**
Fatwa No :>
Date :> **9/9/2010**
Email :>

I live in Attock city and my job is in Rawalpindi. One side travelling is around 100 KM. I use to travel daily for last 10 years and hopefully will continue this practice for next many years. I owe a couple of plots in Rawalpindi but has no intention to reside in this city.
I want to know that should i perform qasr prayer or full prayer. I offer Zuhr and Asar in Rawalpindi where as the rest three prayers in my home town.

میں اٹک شہر میں رہتا ہوں اور پنڈی میں ملازمت کرتا ہوں۔ ایک جانب کا سفر تقریباً ۱۰۰ کلومیٹر ہے۔ میں گذشتہ ۱۰ سال سے روزانہ سفر کر رہا ہوں اور امید ہے کہ آئندہ بھی کافی سال کرنا پڑیگا۔ میں نے پنڈی میں ۲ پلاٹ خریدے ہیں مگر میرا اس شہر میں رہائش کا ارادہ نہیں ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ میں پنڈی میں قصر پڑھوں یا مکمل نماز؟ ظہر عصر پنڈی میں اور باقی ۳ اٹک میں ادا کرتا ہوں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

اگر سائل نے ملازمت اختیار کرنے کے بعد پندرہ یا اس سے زائد ایام یکمشت راولپنڈی میں ٹھہرنے کی نیت نہ کی ہو تو اس طرح روزانہ آنے جانے کی صورت میں وہ دورانِ سفر اور راولپنڈی میں قیام کے دوران اگر منفرداً نماز پڑھیگا تو مسافر ہونے کی وجہ سے اس پر قصر لازم ہے۔

کما فی الهندية: أقل مسافة تتغير فيها الأحكام مسيرة ثلاثة أيام (إلى قوله) الأحكام التي تتغير بالسفر هي قصر الصلاة (إلى قوله) والقصر واجب عندنا اهـ (ج۱، ص۱۳۸)۔

وفي الدر: (أو ينوي) ولو في الصلوة (إلى قوله) (إقامة نصف شهر) حقيقة أو حكماً اهـ (ج۲، ص۱۲۵)۔ واللہ تعالیٰ اعلم

محمد آصف ابراہیم عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۰ ذیقعدہ ۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح
عبد الشکور
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۲ ذوالقعدہ ۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۲ ذوالقعدہ ۱۴۳۱ھ

دار الافتاء
9644
26-10-10
الجامعة البنورية العالمية سائٹ کراچی پاکستان

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ